سوال

(1034) دورانِ تدریس بطور مثال حائضہ کا قرآن پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ عورت کےلیے دوران تدریس میں مثال اوراستدلال کےلیے قرآنی آیات لکھنا جائزہیں؟ اورکیا اس کےلیے آیات قرآنیہ اوراحادیث نبوی کی کتابت جائزہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ عورت کےلیے ایسی کتابیں پڑھنا جن میں آیات قرآن اوران کی تفسیر ہو بالکل جائزہے۔اسی طرح کسی مقالہ وغیرہ میں ضمناآیات لکھنا یا استدلال میں پش کرنا یا بطوردعااور وردان کا پڑھنا بالکل جائزہے کیونکہ اسے تلاوت نہیں کہا جاتا،اسی طرح ضرورت کے تحت تفاسیر کی کتب اٹھالینا بھی جائزہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 727

محدث فتویٰ